سوال

(190) نماز میں بعض قرآنی آیات کا جواب بلند آواز سے دینا کیا سنت سے ثابت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں بعض قرآنی آیات کا جواب بلند آواز سے دینا کیا سنت سے ثابت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز باجماعت میں امام کے طالب جواب آیات قرآت کرنے پر مقتدی کے پکار کر، یا آہستہ سے جواب دینے کی کسی روایت میں تصریح نہیں آئی ہے، لیکن بعض روایات کے عموم واطلاق سے سننے والوں کی خواہ نماز میں سنیں یا نماز سے باہر پکار کر جواب دینے کا ثبوت ملتا ہے۔ واللہ اعلم۔ (دستخط)

عبیداللہ رحمانی مبارکپوری 20 9 1376ھ (محدث بنارس اگست 1997ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 301

محدث فتویٰ